تمہید ایمان

مع حاشیہ

ایمان کی پہچان

مُصنّف : اعلیٰحضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن

المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)
شعبہ کتب اعلیحضرت

نام کتاب : تمہیدُ الایمان مع حاشیہ ایمان کی پہچان

مصنف : امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

حاشیہ وتقدیم : مجلس المدینۃ العلمیہ (شعبہ کتب اعلیٰ حضرت)

پیش کش : شعبہ کتب اعلیٰ حضرت (مجلس المدینة العلمية)

سن طباعت : ۴ رجب المرجب ۱۴۲۹ھ، 8 جولائی 2008ء

نئی طباعت : ۲۴ رجب المرجب ۱۴۳۱ھ، 28 جون 2011ء

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

- ......**کراچی** : شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی فون: 021-32203311
- ......**لاھور** : داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ فون: 042-37311679
- ......**سردار آباد** : (فیصل آباد) امین پور بازار فون: 041-2632625
- ......**کشمیر** : چوک شہیداں، میرپور فون: 058274-37212
- ......**حیدر آباد** : فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن فون: 022-2620122
- ......**ملتان** : نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ فون: 061-4511192
- ......**اوکاڑہ** : کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد، نزد تحصیل کونسل ہال فون: 044-2550767
- ......**راولپنڈی** : فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ فون: 051-5553765
- ......**خان پور** : دُرانی چوک، نہر کنارہ فون: 068-5571686
- ......**نواب شاہ** : چکرا بازار، نزد MCB فون: 0244-4362145
- ......**سکھر** : فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ فون: 071-5619195
- ......**گوجرانوالہ** : فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ فون: 055-4225653
- ......**پشاور** : فیضانِ مدینہ، گلبرگ نمبر 1، النور سٹریٹ، صدر

E.mail: ilmia@dawateislami.net

www.dawateislami.net

مدنی التجاء : کسی اور کو یہ (تخریج شدہ) کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں

www.dawateislami.net

فرمائیں ۲۸۷ اور مُراد خفی ۲۸۸ رکھتے، یعنی رعونت والا ۲۸۹، اور بعض زبان دبا کر رَاعِیْنَا کہتے یعنی ہمارا چرواہا۔

جب پہلودار بات ۲۹۰ دین میں طعنہ ہوئی، تو صَرِیح وصاف کتنا سخت طعنہ ہوگی بلکہ انصاف کیجیے تو ان باتوں کا صَرِیح بھی ان کلمات کی شناعت ۲۹۱ کو نہیں پہنچتا۔ بہرا ہونے کی دعا یا رعونت یا بکریاں چرانے کی نسبت کو ان الفاظ سے کیا نسبت کہ شیطان سے علم میں کمتر یا پاگلوں چوپایوں سے علم میں ہمسر ۲۹۲؟ اور خدا کی نسبت وہ کہ جھوٹا ہے، جھوٹ بولتا ہے جو اسے جھوٹا بتائے مسلمان سُنّی صالح ہے، والعیاذ باللہ رب العالمین۔

ثانیاً اس وہمِ شَنِیع ۲۹۳ کو مذہبِ سیدنا امام (رضی اللہ عنہ) بتانا حضرت امام پر سخت اِفْتِراء ۲۹۴ واتہام ۲۹۵ جبکہ امام (رضی اللہ عنہ) اپنے عقائد کریمہ کی کتاب مطہر ۲۹۶ فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:۔ صِفَاتُہٗ تَعَالٰی فِی الْاَزَلِ غَیْرُ مُحْدَثَۃٍ وَلَا مَخْلُوْقَۃٍ فَمَنْ قَالَ اِنَّھَا مَخْلُوْقَۃ اَوْمُحْدَثَۃ اَوْوَقَفَ فِیْھَا اَوْشَکَّ فِیْھَا فَھُوَ کَافِرٌ بِاللّٰہِ تَعَالٰی۔

---

۲۸۷ یہ بات دوبارہ ارشاد فرمادیں تا کہ ہم بات کو پوری طرح سمجھ لیں۔ ۲۸۸ خفیہ ارادہ ۲۸۹ تکبر کرنے والا۔ ۲۹۰ وہ بات جس کے کئی معنیٰ بنتے ہوں کچھ واضح ہوں کچھ مخفی ۲۹۱ بُرائی۔ ۲۹۲ یعنی اُن منافقوں کی گستاخیاں (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بہرا ہونے کی دعا کرنا یا تکبر والا کہنا یا بکریاں چرانے والا کہنا) اگرچہ کفر ہے لیکن یہ الفاظ ان گستاخوں کے گستاخانہ کلمات سے بہت ہلکے ہیں جنھوں نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو علم میں شیطان سے بھی کم بتایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم میں معاذ اللہ جانوروں کے برابر ٹھہرا دیا۔ ۲۹۳ انتہائی بُرے خیال۔ ۲۹۴ جھوٹ۔ ۲۹۵ تہمت۔ جھوٹا الزام۔ ۲۹۶ پاک کتاب۔

www.dawateislami.net